زائد صفحات پر مشتمل اس آخری حصے کی سب سے اہم خصوصیت یہ ہے کہ اس میں قرآن کریم کی تمام سورتوں کا عمود اختصار کے ساتھ پیش کیا گیا ہے جو پچاس سے زائد صفحات پر مشتمل ہے۔ قرآنی افکار کی تشریح و ترجمانی اور اس باب میں مولانا فراہیؒ کے نتائج فکر کو سمجھنے کے لیے یہ کتاب بڑی افادیت کی حامل ہے۔

(ابوسعد اعظمی)

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | قرآن میں پھلوں اور باغات کا ذکر- ایک مختصر جائزہ |
| مصنف | : | ضیاء الحسن |
| ناشر | : | مصنف |
| ملنے کا پتہ | : | ۱۴/۶۴۷، سرسید نگر، مقابل پرانا فیروز اسپتال، علی گڑھ-۲۰۲۰۰۲ |
| صفحات | : | ۱۵۱ |
| قیمت | : | ۱۰۰ روپیے |

زیر تعارف کتاب ''قرآن میں پھلوں اور باغات کا ذکر- ایک مختصر جائزہ'' پروفیسر ضیاء الحسن صاحب کی تصنیف ہے۔ فاضل مصنف علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے پالیٹیکنیک کے سبک دوش پروفیسر اور پرنسپل ہیں۔ ان کا میدان تدریس انجینئرنگ رہا ہے مگر قرآن کے مطالعہ میں جو وقت لگایا ہے وہ قابل قدر ہے۔ یہ کتاب قرآن سے مصنف کے گہرے تعلق اور آیات قرآن کی تفکیر میں دلچسپی کی دلیل ہے۔ قرآن کریم نے انسان کو دنیا میں پاکیزہ زندگی عطا کرنے اور دنیا و آخرت میں باغات و پھل کی نعمت عطا کیے جانے کا ذکر ہے۔ جنت کے باغوں کے بارے میں یہ وضاحت ہے کہ وہاں مختلف قسم کے خوش رنگ اور خوش ذائقہ پھل پھول ہوں گے بہت سے اس دنیا کے پھلوں سے ملتے جلتے اور بہت سے ان سے مختلف ہوں گے۔ جنت کے باغوں اور ان کے پھلوں کا تذکرہ جہاں انسانی فکر و عمل کی اصلاح کے لیے شوق اور مہمیز کا کام دیتا ہے وہاں تمدنی ارتقاء کی طرف

بھی انسان کی رہنمائی کرتا ہے۔

قرآن کریم میں مختلف انداز میں پھلوں اور باغات کا ذکر، خواہ وہ دنیا کے ہوں خواہ جنت کے، ۵۴ سورتوں اور ۱۳۳ آیتوں میں آیا ہے اور کہیں کہیں نام بنام خاص پھلوں کی مثال بھی دی گئی ہے۔ دنیا کے پھلوں میں سات پھلوں کا ذکر قرآن کریم میں نام بنام متعدد بار آیا ہے اور وہ یہ ہیں: (۱) کھجور ۲۲ مرتبہ، (۲) انگور ۱۰ مرتبہ، (۳) انار ۲، (۴) زیتون ۷، (۵) میوہ جات ۴، (۶) جھڑبیری ۱، (۷) انجیر ۱، اور جنت کے پھل جن کا قرآن کریم میں نام بنام ذکر ہے وہ یہ ہیں: (۱) کھجور، (۲) انگور، (۳) انار، (۴) میوہ جات، (۵) کیلے، (۶) بے خار بیریاں۔ جہاں تک باغوں کا تعلق ہے تو دنیا کے باغات کا ۳۳ مقامات میں ذکر ہے اور جنت کے باغوں کا ۵۵ آیتوں میں بیان آیا ہے۔

مذکورہ کتاب میں ان چون سورتوں کی تمام آیات (جن میں پھلوں اور باغات کا ذکر ہے) کی تشریح و ترجمانی کی گئی ہے اور اس سلسلے میں اردو کی معروف و مستند تفاسیر مصنف کے پیش نظر رہی ہیں۔ اس تشریح کے علاوہ دو اضافی چیزیں بھی کتاب میں شامل ہیں۔ ایک تو ان تمام پینتالیس آیات کی فہرست نقل کردی گئی ہے جس میں اللہ کے ان بندوں کی خصوصیات بتائی گئی ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے جنت کے باغوں کا وعدہ فرمایا ہے اور دوسرے ان تمام پھلوں کی تفصیل مع ان کی خصوصیات اور طبی فوائد کے درج ہیں جن کا ذکر قرآن کریم میں آیا ہے۔ ساتھ ہی انجیل کے مختلف تراجم جو اردو میں دستیاب ہیں ان کی مدد سے انجیل میں مختلف پھلوں کا ذکر جتنی مرتبہ آیا ہے اسے بھی تمہید میں بیان کردیا گیا ہے۔ کتاب کے شروع میں پروفیسر مسعود الحسن صاحب (سابق صدر شعبہ انگریزی) کے قلم سے کتاب کا تعارف ہے۔ اس میں انھوں نے پروفیسر ضیاء الحسن صاحب کی شخصیت کے ساتھ ساتھ کتاب کا بھی جامع تعارف پیش کیا ہے۔ مقدمہ پروفیسر محمد سعود عالم قاسمی صاحب کا تحریر کردہ ہے۔

تعارف اور مقدمہ کے بعد اصل کتاب شروع ہونے سے قبل مصنف کی طرف سے تمہید ہے جو آٹھ صفحات پر مشتمل ہے۔ اس میں فاضل مصنف نے کتاب کے سبب

تالیف، اس کی اہمیت وافادیت اور اپنے منہج تالیف پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ قرآن اور باغات وپھل کے موضوع پر مطالعہ کے لیے یہ کتاب مفید ولائق استفادہ ہے۔ امید ہے کہ قرآن کے طالب علموں کے لیے یہ بیش بہا تحفہ ثابت ہوگی۔

(ابوسعد اعظمی)

## قرآنیات پر نئے مضامین:

☆ حبط اعمال عوامل ومحرکات-قرآن کی روشنی میں، محمد ہمایوں عباس شمس، معارف، ۱۹۲/۱، جولائی ۲۰۱۳ء، ص۵-۱۶

☆ ایڈز-قرآن کریم کی روشنی میں، محمد شکیل اوج، معارف، ۱۹۲/۱، جولائی ۲۰۱۳ء، ص۱۷-۲۵

☆ شیخ الہند مولانا محمود حسنؒ کی قرآن فہمی، ڈاکٹر محمد شکیل اوج، معارف، ۱۹۲/۴، اکتوبر ۲۰۱۳ء، ص۲۶۸-۲۸۳

☆ احکام القرآن تھانویؒ: ایک تعاریف مطالعہ، جنید احمد ہاشمی، فکر ونظر (اسلام آباد)، ۵۰، ۵۱/۴، ۱، اپریل-ستمبر ۲۰۱۳ء، ص۲۵۵-۲۷۵

☆ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی کا تفسیری منہج، ظفر احمد الاثری، تحقیقات اسلامی، ۳۲/۳، جولائی-ستمبر ۲۰۱۳ء، ص۹۱-۱۱۲

☆ قرآن میں ارض وسماء کے مدلولات اور ان کا اعجاز، انیس الرحمٰن ندوی، تحقیقات اسلامی، ۳۲/۴، اکتوبر-دسمبر ۲۰۱۳ء، ص۲۱-۴۶

☆ علامہ اقبال کا خواب اور اس کی قرآنی تعبیر، محمد احمد بلال، حکمت قرآن، ۳۲/۳، جولائی-ستمبر ۲۰۱۳ء، ص۳۳-۵۰

☆ تفسیر القرآن بالقرآن اور مولانا مودودی، نذیر احمد علائی، حکمت قرآن، ۳۲/۳، جولائی-ستمبر ۲۰۲۳ء، ص۵۱-۶۲

☆ قرآن اور مستشرقین، حافظ محمد زبیر، حکمت قرآن، ۳۲/۳، جولائی-ستمبر ۲۰۱۳ء،